## صوبہ پختونخواہ کے معروف بزرگ شاعر بابا رحمان کے مزار کو بم سے اڑانے کی سازش قابل مذمت ہے، الطاف حسین

## بابا رحمان کی تعلیمات پوری انسانیت کیلئے عدم تشدد، امن، محبت، یگانگت اور یکجہتی کے درس پر مبنی ہے

## بابا رحمان کے مزار پر دہشت گردی کے عمل سے ان کے ماننے والوں کو دلی صدمہ پہنچا ہے

## بابا رحمان کے مزار شریف کو بم سے اڑانے کی گھناؤنی سازش میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے

لندن ۔۔۔5، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پختونخواہ کے ممتاز ومعروف بزرگ شاعر رحمان بابا کے مزار شریف کو بم سے اڑانے کی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ رحمان بابا کے مزار شریف کو بم سے اڑانے کے گھناؤنے اور ناپاک عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ رحمان بابا کی تعلیمات اوران کی شاعری صرف پختون عوام کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کیلئے عدم تشدد، امن، محبت، یگانگت اور یکجہتی کے درس پر مبنی ہے۔انہوں نے کہا کہ رحمان بابا نہ صرف بین الاقوامی سطح کے شاعر تھے بلکہ وہ انتہائی بزرگ ہستی بھی تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ عدم تشدد، انسانیت، امن اور بھائی چارے پر یقین رکھنے والا ہر فرد ان سے بے پناہ لگاؤ، عقیدت اور محبت رکھتا ہے اور بابا رحمان کے مزار پر دہشت گردی کے اس عمل سے ان کے ماننے اور چاہنے والوں کو دلی صدمہ پہنچا ہے۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ پختونخواہ کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بابا رحمان کے مزار شریف کو بم سے اڑانے کی گھناؤنی سازش میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔

## ساؤتھ افریقہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر عبدالرشید کی والدہ نسرین بیگم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔5مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر عبدالرشید (عرف بابو) کی والدہ نسرین بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالرشید سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے بھی عبدالرشید کی والدہ نسرین بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے سینئر کارکن عثمان غنی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔5/فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے بزرگ کارکن عثمان غنی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عثمان غنی مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ ملک بھر میں منائی گئی

## سالگرہ کی تقریب کا مرکزی اجتماع نائن زیرو عزیز آباد میں ہوا، سائرہ خاتون نے سالگرہ کا کیک کاٹا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام جمعرات 5مارچ کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ منائی گئی، اس سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں سالگرہ کی تقریبات منعقد کی گئیں جن میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے اپنی فیملیوں کے ہمراہ شرکت کی۔افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کی تقریب کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ہوا جس سے ایم کیوایم قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فونک گفتگو کی اور تمام شرکاء محفل کو مبارکباد پیش کی۔سالگرہ کی تقریب میں قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ اور بے بی افضاء الطاف کی پھوپھی محترمہ سائرہ خاتون نے سالگرہ کا کیک کاٹا اور تقریب میں شریک بچوں میں خصوصی تحفے تحائف بھی تقسیم کیے اس موقع پر دیگر عزیز واقارب بھی موجود تھے۔سالگرہ کی تقریب میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد

ناظمین اور نائب ٹاؤن ناظمین، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران اور سینکڑوں بچوں نے خصوصی طور پر شرکت کی اور افضاء الطاف اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔ نائن زیرو پر بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کی تقریب کے سلسلے میں انتظامات کیے گئے تھے اور نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل سمیت قریب و جوار کی عمارتوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں اور غباروں سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا، سالگرہ کی تقریب میں شریک معروف گلوکار خالد عمر اور دیگر فنکاروں نے سالگرہ کے نغموں کی دھنیں بجائیں جبکہ پنڈال میں موجود چلتے پھرتے کارٹون بچوں کی توجہ کا مرکز بنے رہے سالگرہ کی تقریب کے سلسلے میں نائن زیرو کے سامنے اسٹیج بنایا گیا تھا اور شرکاء کی نشستوں کیلئے کرسیوں کا اہتمام کیا گیا تھا جس پر مہمان اپنی فیملیوں کے ہمراہ براجمان تھے۔ جیسے ہی سالگرہ کا کیک کاٹا پورا پنڈال ''بار بار دن یہ آئے...... بار بار دل یہ آئے تو جیئے ہزاروں سال...... ہپی برتھ ڈے ٹو یو، مبارک مبارک......سالگرہ مبارک'' کے گانوں کے شور سے گونج اٹھا۔ اس موقع پر شرکاء ایک دوسرے پر جھاگ کا اسپرے کرتے رہے اور بچے تالیوں پر رقص کررہے تھے، جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں تمام شرکاء کو بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کی مبارکباد دی اور بے بی افضاء اور شرکاء کیلئے دعائیں کیں۔ بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ تقریبات کراچی کی طرح سندھ کے شہروں حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، بدین، ٹھٹھہ، لاڑکانہ، جیکب آباد، شکارپور، کشمور، خیرپور، کھوکی، نوشیرو فیروز، دادو، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، جامشورو، عمرکوٹ، قمبر شہدادکوٹ کے زونل آفس کے علاوہ اسلام آباد، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر کے ڈسٹرکٹ دفاتروں میں بھی تقریبات منعقد کی گئی جہاں ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران نے بے بی افضاء کی ساتویں سالگرہ کا کیک کاٹا اور مٹھائیاں تقسیم کیں بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر بچوں کیلئے میجک شو بھی پیش کیا گیا جس سے تقریب میں موجود بچے محظوظ ہوئے اور انہوں نے تالیاں بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

## افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کی تقریب میں جناب الطاف حسین اور ان کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون کے درمیان ٹیلی فون پر گفتگو، سالگرہ کی مبارکبادی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی ساتویں سالگرہ کی تقریب میں جناب الطاف حسین اور ان کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون کے درمیان ٹیلی فون پر براہ راست گفتگو بھی ہوئی جس میں افضاء کی سالگرہ پر ایک دوسرے کو مبارکبادی گئی اور دعاؤں سے نوازہ گیا۔ اس موقع پر سائرہ خاتون نے جناب الطاف حسین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آپ کو افضاء کی سالگرہ بہت بہت مبارک ہو اللہ بچی کو طویل زندگی اور صحت دے اور ایسی خوشیوں سے نوازتے رہے جناب الطاف حسین نے آمین کہا اور دعا کی اللہ تعالیٰ افضاء کی ساتویں سالگرہ ہم سب کیلئے تحریک کیلئے نیک شگون اور باعث برکت کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ نظریاتی اور انقلابی تحریک ہے جو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے کی روشنی میں طویل عرصے سے جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک پر غریبوں کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، ایم کیوایم کی جدوجہد میں ریاستی قوتوں نے کارکنان پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے تاہم تمام تر ریاستی ظلم وستم کے باوجود ایم کیوایم کا پیغام حق پرستی ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، ممتاز علی، محمد علی کلمتی اور سید معین الدین نے بن قاسم ٹاؤن کے علاقے عبداللہ گوٹھ یوسی 5 اور شاہ ٹاؤن یوسی 7 میں کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کے موقع پر کیا۔ تربیتی نشستوں میں قاسم ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران کے علاوہ کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاسی جماعت نہیں بلکہ نظریاتی وانقلابی تحریک ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک پر غریبوں کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں آنے کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کو بنیادی ضروری سہولیات کی فراہمی اور ان کے درینہ مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جب اس ملک کی استحصالی اور کرپٹ نظام کو ختم اور ملک میں مظلوم اور حقوق سے محروم لوگوں کے حقوق کے حصول کیلئے آواز حق بلند کی تو استحصالی قوتوں اور ان کے پروردہ سازشی عناصر نے حق پرستی کے نظریہ کو روکنے کیلئے ایم کیوایم کیخلاف ریاستی آپریشن کا آغاز کردیا اور ہمارے 15 ہزار سے زائد کارکنان کو شہید کیا گیا اور ہزاروں کو بے گھر کردیا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی کسی نہ کسی صورت میں ایم کیوایم کیخلاف سازشوں کا سلسلہ جاری ہے لہٰذا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے کہ ہم قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے پر آنکھ بند کرکے عمل کریں اور ایم کیوایم کا پیغام حق پرستی گلی گلی میں پھیلائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنے عہد کا پاس رکھتے ہوئے تحریک کی

کامیابی کیلئے کام کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ایسے حالات میں ملک کی سلامتی کا ضامن صرف الطاف حسین ہی ہے۔آخر میں انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حالات پر نظر رکھیں اور تنظیمی لٹریچر اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کا بغور مطالعہ کریں۔

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے سینئر کارکن عثمان غنی انتقال گئے ،سوئم جمعہ کو ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے سینئر کارکن عثمان غنی انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 69 سال تھی اور وہ 1986 سے تحریک سے وابستہ تھے اور بزرگی کے باوجود انتہائی فعال تھے۔مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور ایم کیو ایم کے جلسے جلوسوں میں لازماً شرکت کرتے تھے۔دریں اثناء عثمان غنی مرحوم کو بعد نماز عشاء سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان نارتھ کراچی کے محمد شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد غوثیہ نصرت بھٹو کالونی میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی،نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے ناظمین،سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وایلڈرزونگ کے انچارج طیب ہاشمی،نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بزرگ کارکن عثمان غنی مرحوم کا سوئم کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد توحیدہ مصطفی نارتھ ناظم آباد میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے سینئر کارکن عثمان غنی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر ایلڈرزونگ کے کارکن عثمان غنی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## بے نظیر بھٹو شہید کی یادگار کی بے حرمتی کے خلاف ایم کیو ایم کی کامیاب ریلی پر شعبہ خواتین سکھر زون کی انچارج کی مبارکباد

سکھر۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون شعبہ خواتین کی انچارج ناہید نے بینظیر بھٹو کی یادگار کی بے حرمتی کیخلاف ایم کیو ایم کی شاندار ریلی کے انعقاد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو دلی مبارکباد پیش دیتے ہوئے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تاریخی ریلی کا انعقا کر کے ملک کو بڑے نقصان سے بچالیا اور سندھ میں محبت کی فضا پیدا کی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کے غصب شدہ حقوق کے حصول کی جدوجہد،حق وسچ ،عدل وانصاف،بھائی چارے کے فروغ کا درس دیا ہے،الطاف حسین نے محترمہ بھٹو شہید کی یادگار کی بے حرمتی کے خلاف شاندار تاریخی ریلی کا انعقاد کر کے ثابت کر دیا ہے کہ الطاف حسین ہی سندھ دھرتی کا سچا سپوت ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہمیں آپس میں لڑایا گیا جس سے نااتفاقیاں پیدا ہوئی لیکن الطاف حسین کی سیاسی بصیرت سے آج سندھ دھرتی کیاردو بولنے والے سندھی اور سندھی بولنے والے سندھی ایک دوسرے کے قریب آچکے ہیں لہٰذا ہمیں بحثیت محبّ وطن قوم عملی اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور اپنے تمام ذاتی اور سیاسی اختلافات کو بھلا کر ملک کی بہتری کیلئے سوچنا چاہیئے۔

## اے پی ایم ایس او نوجوان نسل کی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، رضا ہارون، نادیہ گبول

## جامعہ کراچی میں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب

## فائنل میں کامیابی حاصل کرنے والی پبلک ایڈمنسٹریشن کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات کی تقسیم

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات میں نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار حق پرست صوبائی وزراء محمد رضا ہارون اور محترمہ نادیہ گبول نے جمعرات کے روز جامعہ کراچی میں اے پی ایم ایس او کے تحت ساتویں ''پیغام امن'' کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس سے قبل انہوں نے پبلک ایڈمنسٹریشن، ماس کمیونیکیشن ،کمپیوٹر سائنس اور فوڈ سائنس کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ہونے والے سیمی فائنل اور فائنل میچز دیکھے اور فائنل میں کامیابی حاصل کرنے والی پبلک ایڈمنسٹریشن کرکٹ ٹیم کو ونر ٹرافی اور انعامات تقسیم کیے۔کرکٹ ٹورنامنٹ میں مختلف شعبہ جات کی 150 سے زائد ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم، ڈاکٹر اخلاق احمد، رجسٹرار پروفیسر رئیس علوی، ڈین آرٹس پروفیسر ڈاکٹر محمد شمس الدین، اے پی ایم ایس او کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات سید منہاج الا ابراہیم کے علاوہ شائقین کرکٹ کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔اپنے خطاب میں رضا ہارون اور نادیہ گبول نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلباء وطالبات میں نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے مثبت سوچ پیدا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ نوجوان نسل کی بہتر تعلیم اور تربیت پر زور دیا ہے اور نئی نسل کو حصول علم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینا چاہیئے تاکہ وہ کھیل کے میدان میں بھی ملک وقوم کا نام روشن کر سکے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او شروع دن سے نوجوان نسل کی فلاح و بہبود اور ان کی جسمانی نشو ونما کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور یہی عمل ہمیں ترقی کی جانب گامزن کر رہا ہے۔تقریب سے شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم اور دیگر نے بھی خطاب کیا اور اے پی ایم ایس او کی مثبت سرگرمیوں کو سراہا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اے پی ایم ایس او آئندہ بھی اس قسم کے مثبت اقدامات کے ذریعے طلبہ وطالبات کو صحت مند تفریح فراہم کرتی رہے گی۔

☆☆☆☆☆